© rasailojaraid.com

مسعودؓ۔اس کے بعد بصرہ، شام، یمن، مصر اور عراق، اندلس وغیرہ میں مدارس قائم ہوئے۔حضرت عمرؓ نے تو اپنی خلافت میں عمال (گورنروں) کے تقرری میں یہ قاعدہ مقرر کیا تھا کہ یہ عہدہ علماء ہی کے کندھوں پر ڈالتے تھے تا کہ بلاد (شہر) کو فتح کرنے اور اس کا نظم وضبط سنبھالنے کے ساتھ ساتھ علم پھیلانے کے لیے اپنی نگرانی میں دینی مدارس قائم کرنے کا بھی بندوبست کریں چنانچہ حضرت عمرؓ نے ایک دفعہ خطبہ میں فرمایا: میں تم لوگوں کو گواہ بناتا ہوں کہ میں نے افسروں کو اس لیے بھیجا ہے تا کہ وہ لوگوں کو دین کے مسائل بتائیں۔ مقصد یہ کہ جوں جوں اسلامی سلطنت کے طول وعرض کے فاصلے بڑھتے گئے صحابہ کرام کی ذمہ داریاں بڑھتی رہی تھیں کہ دنیا کو علوم نبوت سے فیض یاب کریں تو ان حضرات نے اپنی ذمہ داری ایسے احسن طریقے سے ادا کی کہ چاردانگ عالم کو قرآن سے روشن کیا اور صحابہ کرام کے بعد انہی کی طرز تعلیم وتعلم کا سلسلہ ساری اسلامی دنیا میں برابر جاری رہا مگر نصاب اور طرز تدریس میں ضرور چند تغیرات واقع ہوئے۔۱۸۵۷ھ سے پہلے پورے برصغیر کے دینی مدارس میں درس نظامی رائج تھا اس وقت دینی مدارس ہی ہوتے تھے اس کے مقابل میں مروجہ انگریزی تعلیم دنیاوی اسکول وکالج کا کوئی تصور نہیں تھا۔ مسلمان بادشاہوں کے دور میں برصغیر کی سرکاری زبان فارسی تھی اور عدالتوں میں فقہ حنفی کے مطابق فیصلے ہوتے تھے اس لیے یہ نصاب دینی ضرورتوں کو پورا کرنے کے ساتھ عدالتی اور دفتری ضروریات کو بھی پورا کرتا تھا۔۱۸۵۷ھ کے بعد جب اقتدار اعلیٰ برطانیہ کو منتقل ہوا تو انگریزوں نے دینی مدارس سے مسلم حکمرانوں کی عطا کردہ زمینیں اور جاگیریں ضبط کرلیں، علماء کے وظائف بند کردیے گئے اسی طرح علوم اسلامیہ اور مسلمانوں کا تعلیمی نظام درہم برہم ہو کر ختم ہونے کے قریب پہنچ گیا۔ بچے کچھے علماء نے دینی علوم کے تحفظ کے لیے پورے ملک میں ایک تحریک کی صورت میں دینی مدارس کا جال بننا شروع کیا، انگریز کے بے انتہا مظالم اور خوف ووحشت کے ماحول میں انھوں نے وقتی حکمت عملی کے طور پر تعلیم وتربیت کا میدان اختیار کیا چنانچہ دیوبند ۱۰ محرم الحرام سن ۱۲۸۳ھ مسجد چھتہ کے صحن میں مشرقی جانب، انار کے درخت کے نیچے دار العلوم کی ابتداء ہوئی اس کے بعد دیکھتے ہی دیکھتے پورے برصغیر میں دینی مدارس کا جال بچھ گیا اور آج ہندوستان، پاکستان اور بنگلہ دیش میں چھوٹے بڑے دینی مدارس کی تعداد ہزاروں تک پہنچی ہے۔

**(۲) شعائر دین کی بقا مساجد و مدارس کی مرہون منت ہے:** خلافت راشدہ کا بابرکت دور علم وعمل، اصلاح وتقویٰ، فقر وزہد، ایثار وقربانی اور اخوت ومساوات کے لحاظ سے انسانیت کا تابناک دور تھا، جس کے آثار وبرکات نے عرصہ دراز دنیا کو منور رکھا۔ بعد کے دور میں مسلمان حکمرانوں کی عملی زندگی اگرچہ مجروح ہوتی چلی گئی تاہم اعتقادی پہلو ہمیشہ ہمیشہ محفوظ رہا اور امت کی اصلاح اور دینی تقاضوں کی بجا آوری کے لیے "امر بالمعروف اور نہی عن المنکر" کا کام بھی اپنے صحیح طریق کار اور تسلسل کے ساتھ جاری رہا، آج بھی جب کہ اسلامی حکومت کے دھندلے نقوش بھی تدریجاً مٹتے چلے جارہے ہیں "هيئة الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر" کے ادارے تھوڑا بہت کام کررہے ہیں، مسلم حکمرانوں کی عملی زندگی سے قطع نظر یہ بات بالکل صاف ہے کہ اسلامی تاریخ کے سابقہ ادوار میں اس کا ظہور ترکی میں ہوا، خلافت اسلامیہ کے بعد جو قیادت ابھری اس نے اسلامی احکام سے اعلانیہ عداوت کا مظاہرہ کیا، یہاں اس ناخوشگوار



© rasailojaraid.com

